30T MURD

*Total number of pages – 8*

# 2020

# URDU

## ( MODERN INDIAN LANGUAGE )

**Full Marks : 100**

**Pass Marks : 30**

**Time : Three hours**

*The figures in the margin indicate full marks for the questions.*

Contd.

1. مندرجہ ذیل سوالوں کا مختصر جواب دیجئے: 1×10=10

(الف) پطرس بخاری نے اپنے مضمون ''مرحوم کی یاد میں'' میں کس چیز کا نقشہ کھینچا ہے؟

(ب) پطرس بخاری کس زبان کے لکچرار مقرر ہوئے تھے؟

(ج) مولانا ابوالکلام آزاد کو کہاں اور کیوں قید میں رکھا گیا تھا؟

(د) ''مرزا ظاہر دار بیگ'' نامی مضمون ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول سے ماٗخوذ ہے؟

(ہ) راجندر سنگھ بیدی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(و) خواجہ میر درد کے والد کا اسم گرامی کیا تھا؟

(ز) ذوق کا پورا نام کیا تھا؟

(ح) فراق گورکھپوری کون سی یونیورسٹی میں انگریزی کے استاد تھے؟

(ط) میر ببر علی انیس کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(ی) انجم شجاع آبادی کا اصل نام کیا تھا؟

2. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو (۲) کا اپنی مادری زبان یا انگریزی میں ترجمہ کیجئے: 5×2=10

(الف)

معلوم ہوا کہ ایک نہایت پرانی چھوٹی مسجد ہے، وہ مسجد ضرار کی طرح ویران، وحشت ناک، نہ کوئی حافظ ہے، نہ ملاّ۔ طالب علم نہ مسافر، ہزار ہا چمگاڈریں اس میں رہتی ہیں کہ ان کی تسبیح بے ہنگام سے کان کے پردے پھٹے جاتے ہیں۔ فرش پر اس قدر بیٹ پڑی ہے کہ بجائے خود کھڑنجے کا فرش بن گیا ہے۔ مرزا کے انتظار میں کلیم کو چارو ناچار اس مسجد میں ٹھہرنا پڑا۔

(ب)

بھولا یہ بات نہ سمجھ سکا کہ ایک ہی شخص کس طرح ایک ہی وقت میں کسی کا بھائی اور کسی کا ماموں کیسے ہوسکتا ہے؟ وہ تو اب تک یہی سمجھتا آتا تھا کہ اس کے ماموں جان اس کے باباجی کے بھی ماموں جی ہیں۔ بھولا نے مخمصے میں پڑنے کی کوشش نہ کی اور اچک کر ماں کی گود میں جا بیٹھے اور اپنی ماں سے گیتا سننے کے لئے اصرار کرنے لگا۔ وہ گیتا محض اس وجہ سے سنتا تھا کہ وہ کہانیوں کا شوقین تھا اڈھیائے کے آخر میں مہاتم سن کر وہ بہت خوش ہوتا تھا۔

(ج)

میں نے کہا کوئی فرق نہیں...... سنتے ہو مرزا کوئی فرق نہیں، ہم میں اور حیوانوں میں، کم از کم مجھ میں اور حیوانوں میں کوئی فرق نہیں...... ہاں ہاں میں جانتا ہوں کہ تم میخ نکالنے میں بڑے طاق ہو، کہہ دو گے کہ حیوان جگالی کرتے ہیں تم نہیں کرتے، ان کے دم ہوتی ہے تمہارے نہیں ہوتی...... لیکن ان باتوں سے کیا ہوتا ہے؟ ان سے تو صرف یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ مجھ سے افضل ہیں۔

3. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی دو (۲) کا سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجئے: 5×2=10

(الف) کلکتہ میں بالی گنج کا علاقہ چونکہ کھلا اور درختوں سے بھرا ہے، اس لئے وہاں بھی مکانوں کے برامدوں اور کارنسوں پر چڑیوں کے غول ہمیشہ حملہ کرتے رہتے ہیں۔ یہاں کی ویرانی دیکھ کر گھر کی ویرانی یاد آ گئی۔

(ب) بھولا بھی جانتا تھا کہ میں نے اس کی ایسی بات کبھی برداشت نہیں کی۔ میں ہمیشہ اس سے یہی سننے کا عادی تھا کہ "بھولا باباجی کا ہے ماتا جی کا نہیں"۔ مگر اس دن بلوں کو کندھے پر اٹھا کر چھ میل تک لے جانے اور پیدل ہی واپس آنے کی وجہ سے میں بہت تھک گیا تھا۔

(ج) یہ ارادہ تو پختہ کرلیا کہ دو تین دن کے اندر ارد گرد کی تمام مشہور تاریخی عمارات اور کھنڈرات کو نئے سرے سے دیکھ ڈالوں گا۔ اس کے اگلے گرمی کے موسم میں ہوسکا تو بائسائیکل پر کشمیر وغیرہ کی سیر کروں گا۔ صبح صبح ہوا خوری کے لئے ہر روز نہر تک جاتا رہوں گا۔

4. حسب ذیل اشعار میں سے کسی تین (۳) کا سیاق وسباق کے ساتھ تشریح کیجئے: 5×3=15

(الف) ہم تجھ سے کس ہوس فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا جو کچھ آرزو کریں
تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں۔

(ب) یہ پہاڑ، یہ ہوا، لہلہاتے یہ باغ
یہ لوہیت و براک رشک گنگ وجمن
جاؤں میں اور کہاں، کس پہ اور ہوں فدا
چھوڑ کر تجھ کو اے میرا پیارا وطن

(ج) ہوستی جئے متی یا شہیدہ کنک
ہو گدا پانی یا لاچپت صف شکن
قصہ ان کا یہاں گونجتا ہے سدا
کامروپ کا چمن ہے انہیں کا وطن

(د) مشرق نہیں گو لذت نظارہ سے محروم
لیکن صفت عالم لاہوت ہے خاموش

پھر ہم کو اسی سینۂ روشن میں چھپا لے
اے مہر جہاں تاب نہ کریم کو فراموش

5. مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دیجئے: (کسی تین کا) 5×3=15

(الف) ڈپٹی نذیر احمد نے اپنے مضمون ''مرزا ظاہر دار بیگ'' میں کس بات کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے؟ آسان اردو میں وضاحت کیجئے۔

(ب) بھولا کے کردار میں کون سے خصوصیت تھی جس کی بنا پر اپنے بھٹکے ہوئے ماموں کو راہ راست پر لانے میں کامیاب ہوا؟ بیان کیجئے۔

(ج) مثنوی کسے کہتے ہیں اور طویل مثنویوں میں اجزاءِ ترکیبی کتنے ہوتے ہیں؟ شوق لکھنوی کی مثنوی ''زہر عشق'' کی روشنی میں وضاحت کیجئے۔

(د) ''شعاعِ امید'' نامی نظم میں علامہ اقبال نے کس امید کی بات کہی ہے؟ انکے نظم کی روشنی میں بیان کیجئے۔

6. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک ادیب یا شاعر کی حالات زندگی اور انکی ادبی خدمت پر روشنی ڈالئے: 10

(i) پطرس بخاری۔

(ii) ڈپٹی نذیر احمد۔

(iii) خواجہ میر درد۔

(iv) فراق گورکھپوری۔

7. حسب ذیل میں کسی دو سوالوں کا جواب دیجئے: 5×2=10

(الف) فعل ماضی اور فعل مضارع کی تعریف مع مثال بیان کیجئے۔

(ب) جملہ خبریہ اور جملہ شرطیہ کا فرق مثال کے ساتھ تفصیل کیجئے۔

(ج) جنس حقیقی اور جنس غیر حقیقی میں کیا فرق ہے مثال کے ساتھ قلمبند کیجئے۔

(د) نیچے لکھے ہوئے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

بیوی کا غلام۔ دل باغ باغ ہونا۔ ہوش گم ہونا۔ الٹا زمانہ۔ آستین کا سانپ۔

8. درج ذیل اقتباس کا اردو میں ترجمہ کیجئے: 10

Hamid is our classmate. He is a very intelligent boy. He is also a big sportsman. We see him either in the class-room or in the library or in the play-ground. We find him busy all the day long. In the last final examination Hamid passed with distination. At this occasion he held a big tea-party in his house and invited all his classmates.

9. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک موضوع پر مقالہ لکھئے:

(i) ہندوستان کے وزیر اعظم۔

(ii) ٹیلی ویژن۔

(iii) گواہاٹی چڑیا خانہ۔

(iv) آپ کا پسندیدہ ادیب۔

———— × ————